نومبر / 2025ء

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ
(آل عمران:۱۰۵)

اس شمارہ میں خاص

- قرآن کریم تمام علوم کا سرچشمہ ہے
- ہمارا خدا زندہ خدا ہے
- جدید زمانے کی برائیاں اور ان سے بچنے کا طریقہ

افتتاحی تقریب سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء کے چند مناظر

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء کے موقع پر علمی مقابلہ جات کے چند مناظر

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء کے موقع پر Beacon of Youth کے تحت منعقد پروگرامز کے کچھ مناظر

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء کے موقع پر ورزشی مقابلہ جات کے چند مناظر

ماہنامہ　　از قادیان دارالامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

نومبر / 2025ء

جمادی الاوّل، جمادی الثانی 47/1446 ہجری قمری

نبوت 1404 ہجری شمسی

نگران

نیاز احمد نائک
صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نایک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر، احسان علی اوکے
مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر، مرشد احمد ڈار،
سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک

اندرون ملک: 220 روپیہ، بیرون ملک :: 50 1 $

قیمت فی پرچہ: 20 روپیہ

فہرست مضامین

اداریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 9/ مئی 2025ء	5
قرآن کریم تمام علوم کا سرچشمہ ہے	9
ہمارا خدا زندہ خدا ہے	12
جدید زمانے کی برائیاں اور ان سے بچنے کا طریقہ	14
پیغام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز	16
گوشۂ ادب	17
بنیادی مسائل کے جوابات	18
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	20
Diary Dose	21
بزم اطفال	22
ملکی رپورٹس	23
Health & Fitness	24
سائنس کی دنیا	25
The Pure and righteous Life Of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad[PBUH]	28
Transforming Jealousy Into Inspired Envy	31
The Sacred Duty of Calling Towards Allah	33
Summary of the Friday Sermon	40

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. **Editor:** Niyaz Ahmad Naik

اداریہ

تقویٰ خلافت خدمت

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو ایک بار پھر اپنے سالانہ اجتماع کے انعقاد کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ یہ وہ بابرکت موقع ہے جب مومنانہ جوش، روحانی تربیت اور اخوت و وفا کی فضا میں خدامِ احمدیت اپنے عہدوں کی تجدید کرتے ہیں۔

اجتماع کا امسالہ موضوع — تقویٰ، خدمت اور خلافت — دراصل ایک مومن کی پوری زندگی کا خلاصہ ہے۔ تقویٰ وہ بنیاد ہے جس پر ایمان کی عمارت قائم ہوتی ہے۔ یہ وہ روشنی ہے جو دلوں کو منور کرتی ہے، عبادتوں کو زندگی بخشتی ہے اور انسان کو ہر برائی سے بچاتی ہے۔ جب ایک خادم اپنے اندر تقویٰ پیدا کرتا ہے تو وہ خدا تعالیٰ سے ایسا تعلق قائم کر لیتا ہے جو اسے دنیا کی ہر لغزش سے محفوظ رکھتا ہے۔

خدمتِ خلق، تقویٰ کا عملی مظہر ہے۔ جس دل میں خدا کی محبت رچ بس جائے وہ مخلوقِ خدا کے لئے بھی درد محسوس کرتا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ خدامِ احمدیت کو اپنی توانائیاں انسانیت کی بھلائی میں صرف کرنی چاہئیں چاہے وہ کسی محتاج کی مدد ہو کسی کمزور کا سہارا یا جماعتی کاموں میں خلوص کے ساتھ حصہ لینا۔

خلافت — وہ مرکزِ نور ہے جس سے تقویٰ و خدمت دونوں کو سمت اور برکت ملتی ہے۔ خلافتِ احمدیہ سے وابستگی دراصل کامیابی کی کنجی ہے۔ حضور انور کے ارشادات ہمیں بار بار اس حقیقت کی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ ہماری ہر ترقی ہر کامیابی اور ہر بابرکت قدم خلافت سے وفا کے تعلق پر منحصر ہے۔

آج کے خدام پر ایک اور عظیم ذمہ داری یہ بھی ہے کہ وہ اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت کریں۔ گھروں میں نیکی، محبت، عبادت اور خلافت سے وفا کا ماحول پیدا کریں تاکہ آنے والی نسلیں بھی ایمان و خدمت کے اسی درخت کو بڑھاتی چلی جائیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا یہ ارشاد ہم سب کے لئے مشعلِ راہ ہے:

’’خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقیم اور دیندار بنانے کے لئے سعی اور دعا کرو۔ جس قدر کوشش تم ان کے لئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو، اسی قدر کوشش اس امر میں کرو۔ خوب یاد رکھو کہ جب تک خدا تعالیٰ سے رشتہ نہ ہو اور سچا تعلق اس کے ساتھ نہ ہو جاوے، کوئی چیز نفع نہیں دے سکتی۔‘‘

(ملفوظات، جلد ۷، صفحہ ۳۲۰، ایڈیشن ۲۰۰۲ء)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں کہ:

’’تقویٰ کا مرحلہ بڑا مشکل ہے۔ اُسے وہی طے کر سکتا ہے جو بالکل خدا تعالیٰ کی مرضی پر چلے۔ جو وہ چاہے وہ کرے۔ اپنی مرضی نہ کرے۔ بناوٹ سے کوئی حاصل کرنا چاہے تو ہرگز نہ ہوگا۔‘‘ (تقویٰ ایسی چیز نہیں کہ بناوٹ سے حاصل ہو جائے۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا) ’’اس لئے خدا کے فضل کی ضرورت ہے اور وہ اسی طرح سے ہو سکتا ہے کہ ایک طرف تو دعا کرے اور ایک طرف کوشش کرتا رہے۔ خدا تعالیٰ نے دعا اور کوشش دونوں کی تاکید فرمائی ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ ۴۹۲۔ ایڈیشن ۲۰۰۳ء مطبوعہ ربوہ)

اگر ہم تقویٰ کو اپنا زیور بنائیں، خدمت کو اپنی پہچان اور خلافت کو اپنی رہنمائی تو یقیناً ہماری زندگیوں میں روحانی انقلاب برپا ہو جائے گا اور ہم حقیقی خدامِ احمدیت بننے کا حق ادا کریں گے۔

اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور تمام خدام و اطفال کو اس کے روحانی ثمرات سے مالا مال کرے۔ آمین۔

سلیق احمد نایک



اَلْقُرْاٰنُ الْکَرِیْمُ

اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿۵﴾

ترجمہ: ہمیں سیدھے راستہ پر چلا۔ اس آیت کی تفسیر میں سیدنا حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ میں دین اور دنیا کے ہر معاملہ کے لئے دعا ہے یہ دعا ایسی جامع ہے کہ دین اور دنیا کے ہر معاملہ میں اس سے انسان فائدہ اٹھا سکتا ہے اور ہدایت کا طالب خواہ کسی مذہب کا ہو اس سے فائدہ اٹھانے میں کوئی عذر پیش نہیں کر سکتا۔ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ میں صرف سیدھے اور بے نقص راستہ دکھانے کی التجا ہے کسی مذہب کا نام نہیں کسی خاص طریقہ کا ذکر نہیں۔ کسی معین اصل کی طرف اشارہ نہیں صرف اور صرف صداقت اور غیر مخلوط اور خالص صداقت کی درخواست ہے جسے ہر شخص اپنے عقیدہ اور خیال کو نقصان پہنچائے بغیر دہرا سکتا ہے۔ ایک مسیحی ایک یہودی ایک ہندو ایک زردشتی ایک بدھ ایک دہریہ بھی ان الفاظ پر اعتراض نہیں کر سکتا۔ دہریہ خدا تعالیٰ کو نہیں مانتا لیکن وہ یوں کہہ سکتا ہے کہ اگر کوئی خدا ہے تو میں اس سے کہتا ہوں کہ مجھے سیدھا راستہ دکھا۔ پس یہ دعا جامع بے ضرر اور عام ہے ہر شخص ہر حالت میں اس کا محتاج ہے اور اس کے مانگنے میں اسے کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ میرا تجربہ ہے کہ جن غیر مذاہب کے لوگوں نے میرے کہنے پر یہ دعا مانگی ہے اللہ تعالیٰ نے ان پر اسلام کی سچائی کھول دی ہے اور میں تجربہ کی بناء پر یقین رکھتا ہوں کہ جو کوئی بھی سچے دل سے یہ دُعا مانگے گا اس کی ہدایت کے لئے ضرور کوئی سامان خدا تعالیٰ کی طرف سے پیدا کیا جائے گا کہ یہ ممکن نہیں کہ اس دنیا کا پیدا کرنے والا موجود ہو اور ہدایت کے لئے چلانے والا اس کے دروازہ سے مایوس آئے۔

(تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 35 ایڈیشن 2004ء)



إِنْفَاخُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم



حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ۔ ایک مومن دوسرے مومن کے لئے ایسی عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے اور (یہ کہہ کر وضاحت کے لئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالا۔

(صحیح البخاری کتاب المظالم باب نصر المظلوم:۲۴۴۶)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے میرے ولی سے دشمنی اختیار کی تو مَیں نے اس کے ساتھ اعلان جنگ کر دیا۔ مجھے یہ چیز سب سے زیادہ پسند ہے کہ میرا بندہ فرض کی ہوئی چیزوں کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرے۔ اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میرے قریب ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ مَیں اسے پیار کرنے لگتا ہوں اور جب مَیں اسے پیار کرنے لگ جاتا ہوں تو مَیں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب التواضع۔ حدیث نمبر ۶۵۰۲)

کَلَامُ الْاِمَامِ الْمَهْدِیِّ ؑ

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’پہلا خلق ان میں سے عفو ہے‘‘ (معاف کرنا ہے) یعنی کسی کے گناہ کو بخش دینا۔ اس میں ایصالِ خیر یہ ہے کہ جو گناہ کرتا ہے۔ وہ ایک ضرر پہنچاتا ہے اور اس لائق ہوتا ہے کہ اس کو بھی ضرر پہنچایا جائے۔ سزا دلائی جائے۔ قید کرایا جائے۔ جرمانہ کرایا جائے یا آپ ہی اس پر ہاتھ اٹھایا جائے۔ پس اس کو بخش دینا اگر بخش دینا مناسب ہو تو اس کے حق میں ایصالِ خیر ہے۔ اس میں قرآن شریف کی تعلیم یہ ہے۔ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ (آل عمران: 135)۔ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ (الشوریٰ: 41) یعنی نیک آدمی وہ ہیں جو غصہ کھانے کے محل پر اپنا غصہ کھا جاتے ہیں اور بخشنے کے محل پر گناہ کو بخشتے ہیں۔ بدی کی جزا اسی قدر بدی ہے جو کی گئی ہو۔ لیکن جو شخص گناہ کو بخش دے اور ایسے موقعہ پر بخشے کہ اس سے کوئی اصلاح ہوتی ہو۔ کوئی شر پیدا نہ ہوتا ہو۔ یعنی عین عفو کے محل پر ہو۔ نہ غیر محل پر (یعنی اس بخشنے کا فائدہ ہو) تو اس کا وہ بدلہ پائے گا‘‘۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 351)

امام وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

اگر جماعت کی قدر نہیں کریں گے اگر خلیفہ وقت کی باتوں پر کان نہیں دھریں گے تو آہستہ آہستہ نہ صرف اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے فضلوں سے دور کر رہے ہوں گے بلکہ اپنی نسلوں کو بھی دین سے دور کرتے چلے جائیں گے۔ پس غور کریں، سوچیں کہ اگر یہ دنیا آپ کو دین سے دور لے جا رہی ہے تو یہ انعام نہیں ہلاکت ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی بے قدری ہے۔

ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہم نے اس زمانے کے امام کی بیعت کی ہے جس کے آنے کی ہر قوم منتظر ہے۔ جس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے پیار کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ جس کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام بھیجا ہے۔ (المعجم الاوسط جلد 3 من اسمہ عیسیٰ حدیث نمبر 4898 صفحہ 383-384 دار الفکر عمان اردن طبع اول 1999ء)

تو کیا ایسے شخص کی طرف منسوب ہونا کوئی معمولی چیز ہے؟ یقیناً یہ بہت بڑا اعزاز ہے جو ایک احمدی کو ملا ہے۔ پس اس اعزاز کی قدر کرنا ہر احمدی کا فرض ہے۔ یہ قدر پھر ایک حقیقی احمدی کو عبد شکور بنائے گی اور پھر وہ خدا تعالیٰ کے فضلوں کو پہلے سے بڑھ کر اترتے دیکھے گا۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 23/ اپریل 2010ء بمقام سوئٹزرلینڈ)

خطبات و خطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۹؍ مئی ۲۰۲۵ء بمطابق ۹؍ ہجرت ۱۴۰۴ ہجری شمسی بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یو کے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

جنگ موتہ کی مزید تفصیل اس طرح بیان ہوئی ہے کہ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مَیں اِن لوگوں کے ہمراہ سفر میں شامل ہوا جو حضرت زید بن حارثہؓ کے ساتھ نکلے تھے۔ مجھے اہلِ یمن میں سے ایک شخص ملا۔ اس کے پاس صرف تلوار تھی۔ ایک مسلمان نے اونٹ ذبح کیا۔ اس شخص نے اُس سے کچھ جِلد (کھال) مانگی، وہ اُس نے اِسے دے دی۔ اس نے اُسے ڈھال کی طرح بنا لیا۔

پھر کہتے ہیں کہ ہم سفر پر روانہ ہوئے۔ ہماری رومی لشکر سے مڈھ بھیڑ ہوئی۔ ان میں سے ایک شخص جو بھورے گھوڑے پر سوار تھا۔ اس پر سنہری زِین اور سنہری اسلحہ تھا، وہ رومی مسلمانوں کو للکارنے لگا۔ وہ یمنی شخص اُس کی طرف چٹان کے پیچھے سے آیا دشمن کے گھوڑے کی پیچھے سے کونچیں کاٹ دیں، جنگ ہوئی، رومی نیچے گر پڑا۔ وہ تلوار لے کر اُس پر سوار ہو گیا اور مسلمان نے اُسے قتل کر دیا۔ اِس کا گھوڑا اَور اسلحہ لے لیا۔

جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح عطا کی تو حضرت خالد بن ولیدؓ نے اُس یمنی شخص کی طرف پیغام بھیجا اور اُس سے کچھ سامان لے لیا۔

حضرت عوفؓ بیان کرتے ہیں کہ مَیں حضرت خالدؓ کے پاس آیا۔ مَیں نے کہا کہ آپؓ کو علم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سامان کے بارے میں کیا فیصلہ کیا تھا کہ وہ قاتل کے لئے ہوگا؟ اُنہوں نے کہا کہ ہاں! مجھے پتا ہے، مگر مَیں نے اسے زیادہ سمجھا تھا۔ مَیں نے اُنہیں کہا کہ یہ سامان اُس شخص کو واپس کر دیں ورنہ مَیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کروں گا۔ حضرت خالدؓ نے سامان واپس کرنے سے انکار کر دیا۔

یہ امر آنحضرتؐ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپؐ نے حضرت خالدؓ سے پوچھا کہ تم نے کیا کیا؟ اُنہوں نے عرض کیا کہ مَیں نے اُسے کثیر مال سمجھا، اِس لئے کچھ اُس میں سے واپس لے لیا۔ آپؐ نے فرمایا: جو اُس سے لیا تھا وہ اُسے واپس کر دو۔ حضرت عوفؓ کہتے ہیں، مَیں نے کہا کہ خالد! اب اس سے لو! جب وہ حضرت خالدؓ کو یہ کہہ رہے تو آنحضرتؐ نے سن لیا، آپؐ نے فرمایا! کیا ہوا؟ کہتے ہیں کہ مَیں نے پھر سارا واقعہ سنایا۔ اِس پر آپؐ ناراض ہو گئے۔ آپؐ نے فرمایا: خالد! اُسے سارا سامان واپس نہ کرنا۔ پھر آپؐ نے تربیت کے لئے فرمایا کہ کیا تم میرے اُمراء کو اِس حالت میں چھوڑنا چاہتے ہو کہ تمہارے لئے معاملے کا نکھرا ہوا حصّہ ہو اور اُن کی گندگی اُن پر ہو؟

حضورِ انور نے فرمایا کہ اب یہاں امیر کا وقار قائم کرنا تھا، تو آپؐ نے فرمایا کہ اِس طرح تم امیر کو طعنہ دے رہے ہو کہ تم نے پہلے غلط کام کیا۔ اس لئے آپؐ نے پہلا فیصلہ واپس لیا۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ غزوہ موتہ میں بعض مسلمان شہید ہو گئے۔ مسلمانوں کو مشرکین کا کچھ حصّہ بطور مالِ غنیمت ملا۔ حضرت خزیمہ بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں کہ مَیں نے موتہ کی جنگ میں شرکت کی، رومیوں میں سے ایک شخص نے مجھے دعوتِ مبارزت دی، مَیں

نے اِس کا کام تمام کر دیا۔ اُس نے خَود پہن رکھا تھا، جس میں یاقوت لگے ہوئے تھے، میرا اِرادہ وہ یاقوت تھے۔ مَیں نے اُنہیں لیا۔ جب مَیں آنحضورؐ کی خدمتِ اقدس میں پہنچا، تو مَیں نے آپؐ کی خدمت میں یاقوت پیش کر دیئے۔ آپؐ نے وہ مجھے عطا کر دیئے۔

حضرت خالد بن ولیدؓ بیان کرتے ہیں کہ موتہ کے دن میرے ہاتھ میں نو تلواریں ٹوٹیں اور صرف ایک یمنی چوڑی تلوار ہی میرے ہاتھ میں رہ گئی۔ علّامہ محمد بن یوسف کہتے ہیں کہ اِس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے مشرکین کو خوب قتل کیا تھا ورنہ وہ مشرکین سے نجات نہ پا سکتے۔

مسلمانوں کی تعداد تین ہزار جبکہ مشرکین کی تعداد دو لاکھ سے زیادہ تھی۔ یہ تنہا ہی مسلمانوں کی فوقیت پر ایک مستقل دلیل ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ!

ایک روایت میں ہے کہ حضرت یعلیٰ بن اُمیہؓ اہلِ موتہ کی خبر لے کر آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا: اگر تم پسند کرو تو تم مجھے بتا دو، اگر تم پسند کرو تو مَیں تمہیں ان کے بارے میں بتا دیتا ہوں۔ اُنہوں نے عرض کیا کہ اَے اللہ کے رسولؐ! آپؐ مجھے بتا دیں۔ آپؐ نے اُنہیں سارا واقعہ بتا دیا۔ اُنہوں نے عرض کی کہ مجھے اُس ذات کی قسم! جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کہ آپؐ نے اِن واقعات میں سے ایک لفظ بھی نہیں چھوڑا۔ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ نے زمین کو میرے لئے بلند کیا یہاں تک کہ مَیں نے اُن کا معرکہ دیکھا۔

مَیں نے خواب میں اُنہیں دیکھا۔ وہ سونے کے بستروں پر تھے۔ مَیں نے حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کا بستر دیکھا۔ ان کے بستر میں ذرا ٹیڑھا پن تھا۔ مَیں نے پوچھا کہ اِس کی کیا وجہ ہے؟ مجھے کہا گیا کہ یہ دونوں سیدھے گئے لیکن عبداللہ نے کچھ تردّد کیا تھا، پھر آگے گئے۔ حضورِ انور نے فرمایا کہ اِس تردّد کا ذکر پچھلے خطبہ میں ہوا ہے، اُنہوں نے خود کہا ہے کہ مجھے پہلے خیال گزرا تھا کہ مَیں نہ لڑوں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت جعفرؓ کے بیٹے عبداللہ کو سلام کرتے تو کہتے: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنِ ذِی الْجَنَاحَيْنِ کہ اَے دو پَروں والے کے بیٹے! تم پر سلامتی ہو۔

حضرت مصلح موعودؓ بعض مسائل بیان کرتے ہوئے ایک تفصیل میں بیان فرماتے ہیں کہ جو مشکل مسائل ہوتے ہیں، اُن کو بعض لوگ سمجھتے ہیں اور بعض نہیں سمجھتے، اور اِس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ دوسرے لوگ جو باخبر ہیں، اُنہیں وہ مسائل سمجھائیں، خواہ اِس وجہ سے کہ وہ خود غور نہیں کرتے یا اِن کا دل کسی گناہ کی وجہ سے خدا تعالیٰ کا فضل جذب کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔ یہ مشکل مضامین بالعموم دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک علمی مضامین جو باریک فلسفے پر مبنی ہوتے ہیں مثلاً توحید ہے، اُس کا اتنا حصّہ تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ خدا ایک ہے، مگر آگے یہ صوفیانہ باریکیاں کہ کس طرح انسان کے ہر فعل پر خدا تعالیٰ کی توحید کا اثر پڑتا ہے، اِس کے لئے ایک عارف کی ضرورت ہو گی اور یہ مسائل دوسرے کو سمجھانے کے لئے کوئی عالِم درکار ہو گا۔ ہر شخص یہ باریکیاں نہیں نکال سکتا۔ لیکن اتنی بات ضرور سمجھ لے گا کہ قرآنِ کریم دوسرے خدا کا قائل نہیں ہے۔ دوسرے یہ مشکلات ایسے مطالب کے متعلق پیدا ہوتی ہیں جو علمی تو نہ ہوں مگر وہ اُس زبان میں بیان کئے گئے ہوں، جسے تشبیہ یا اِستعارہ کہتے ہیں۔ عوام النّاس اُس زبان کو نہ جاننے کی وجہ سے اِس کے ایسے معنی کر لیتے ہیں جو حقیقت پر مبنی نہیں ہوتے۔

مثلاً رسولِ کریمؐ کے زمانے میں ایک واقعہ پیش آیا۔ جب شام کی جنگ میں رسولِ کریمؐ نے حضرت زید بن حارثہؓ کو سالارِ لشکر بنا کر بھیجا اور فرمایا کہ اگر زید مارے جائیں تو جعفر بن ابی طالب کمان لے لیں اور اگر جعفر مارے جائیں تو عبداللہ بن رواحہ کمان لے لیں تو جیسے آپؐ نے فرمایا تھا ویسا ہی وقوع میں آیا۔ آپؐ نے حضرت جعفرؓ کی شہادت پر فرمایا! جعفر پر تو کوئی رونے والا نہیں۔ آپؐ کا مطلب یہ نہ تھا کہ لوگ جا کر روئیں، بلکہ یہ دکھ کے اظہار کا ایک اِستعارہ تھا کہ ہمارا بھائی بھی مارا گیا اور ہم صبر کر رہے ہیں۔ مگر انصار نے اِس فقرہ کو لفظی معنے میں لے کر عورتوں کو حضرت جعفرؓ کے گھر بھیج دیا جنہوں نے وہاں رونا دھونا شروع کر دیا۔ جب آپؐ کو اِس کا علم ہوا تو فرمایا کہ میرا یہ مطلب تو نہیں تھا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اِن کے سروں پر مٹی ڈالو یعنی انہیں چھوڑ دو، وہ خود خاموش ہو

جائیں گی۔ مگر ایک شخص نے اِس بات کو بھی لفظی معنے میں لے کر واقعی مٹی ڈالنا شروع کر دی۔ حضرت عائشہؓ نے اُسے ڈانٹا کہ تُو نے بات کو سمجھا ہی نہیں۔ حضورِ انور نے فرمایا کہ بعض دفعہ لفظی معنی ایسے لے لیتے ہیں کہ جو حقیقت کے خلاف ہوتے ہیں اور اِس طرح بات کہیں کی کہیں پہنچ جاتی ہے۔

اِس واقعہ سے صحابہؓ کے آنحضرتؐ سے عشق کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ حضرت مصلح موعودؓ نے یہ واقعہ بیان کر کے ایک اور جگہ اِس طرح بیان فرمایا ہے کہ جب صحابہؓ نے اپنی عورتوں کو رونے کے لئے حضرت جعفرؓ کے گھر بھیجا تو اِس واقعہ سے صحابہؓ کے دلوں میں حضرت رسولِ کریمؐ کی جو محبّت تھی، اُس کا اظہار ہوتا ہے، اس نے انہیں یہ سوچنے کا موقع نہیں دیا کہ رسولِ کریمؐ کیا چاہتے ہیں؟ بلکہ اُنہوں نے فوراً عورتوں سے کہہ دیا کہ اپنے غم کو بُھلا کر رسولِ کریمؐ کے غم میں شریک ہو جاؤ۔ اِس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ اُن کے دلوں میں رسولِ کریمؐ کا کیسا عشق تھا!

آپؓ فرماتے ہیں کہ بظاہر یہ ایک چھوٹا سا واقعہ ہے مگر جذبات کے اظہار کے لئے اِس سے بہتر واقعات بہت کم مل سکتے ہیں۔ یہ وہ لوگ تھے جن کی خدمات محمد ﷺ کے سامنے تھیں، جن کی قربانیاں ہر آن اور ہر لحہ رسولِ کریمؐ کی آنکھوں کے سامنے ہوا کرتی تھیں اور رسولِ کریمؐ سے یہ لوگ ایسی محبّت رکھتے تھے کہ جس کی نظیر کسی دنیوی رشتے میں نہیں مِل سکتی۔ پس اگر دنیا کے لحاظ سے دیکھا جائے، اگر احساسات کے لحاظ سے دیکھا جائے تو محمد ﷺ کو ان لوگوں کے خیالات کی پاسداری زیادہ ہونی چاہیے تھی اور ہماری نسبت رسولِ کریمؐ کی محبت کم ہونی چاہیے تھی۔ لیکن محمد ﷺ کی غیر محدود محبّت نے، جہاں تک انسانی محبّت غیر محدود ہو سکتی ہے، یہ پسند نہ کیا کہ وہ تمہاری ہمتوں کو پست ہونے دیں، بلکہ رسولِ کریمؐ کی محبّت نے یہ بھی پسند نہ کیا کہ وہ درمیانی اُمّت کی ہمت کو پست ہونے دیں۔

چنانچہ ایک مجلس میں آپؐ نے بعد میں آنے والے لوگوں کا ذکر اِن الفاظ میں فرمایا کہ میرے بھائی! جو میرے بعد آنے والے ہیں، وہ ایسے ہوں گے۔ صحابہؓ کو یہ سن کر رشک پیدا ہوا اور اُنہوں نے عرض کیا کہ وہ بھائی ہوئے اور ہم نہ ہوئے؟ آپؐ نے فرمایا کہ تم صحابہؓ ہو اَور وہ میرے بھائی ہیں۔ تمہیں کیا یہ کم نعمت حاصل ہے کہ تم مجھے دیکھ رہے ہو اَور میرے ساتھ رہ کر خدماتِ دینیہ بجالا رہے ہو۔ اور وہ لوگ جو مجھے نہیں دیکھیں گے اور وہ لوگ جو میرے بعد آئیں گے، مجھے کوئی لفظ اُن کے متعلق بھی تو بولنے دو تا اُنہیں بھی تسلی ہو اور اُن کے حوصلے بھی بلند ہوں۔ چنانچہ دیکھ لو کہ رسولِ کریمؐ نے تمہارے حوصلے کس قدر بڑھا دئے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ مَیں نہیں جانتا کہ میری اُمّت کا پہلا حصّہ بہتر ہے یا آخری حصّہ بہتر ہے۔

علّامہ ابنِ کثیر کی کتاب البدایہ والنّہایہ میں شہدائے موتہ کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ اِن کی تعداد بارہ تھی۔ حضورِ انور نے فرمایا کہ بعض روایات میں شہداء کی تعداد زیادہ بھی بیان ہوئی ہے۔ لیکن بہرحال یہ بہت بڑا معجزہ ہے کہ دو لشکر آمنے سامنے ہوں، جو خدا کی راہ میں لڑ رہا ہو، اُس کی تعداد تین ہزار ہو جبکہ دوسرے مخالف لشکر کی تعداد دو لاکھ ہو، ایک لاکھ رومی اور ایک لاکھ عیسائی، وہ ایک دوسرے کے ساتھ معرکہ آزما ہوں، پھر بھی مسلمانوں کے صرف بارہ یا بہت تھوڑی تعداد میں افراد شہید ہوئے اور مشرکین کی کثیر تعداد واصلِ جہنّم ہو۔

جب مسلمان موتہ سے واپس آئے تو آنحضرتؐ اور صحابہ کرامؓ نے اُن کا استقبال کیا۔ بعض لوگوں کو یہ غصّہ تھا کہ یہ لوگ شہید ہو کے کیوں نہیں آئے، یہ تو کوئی فتح نہیں ہوئی، اور بعض لشکر پر مٹی پھینکنے لگے اور کہنے لگے کہ اَے راہِ فرار اختیار کرنے والو! تم اللہ کی راہ سے بھاگ نکلے ہو۔ اِس پر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ یہ فرار ہونے والے نہیں بلکہ کَرَّار یعنی پلٹ کر حملہ کرنے والے ہیں۔

پھر ایک سریّہ کا ذکر ہے، یہ سریّہ حضرت عَمرو بن العاصؓ کہلاتا ہے، یہ سریّہ جمادی الثانی ۸ ہجری میں ہوا۔ ابنِ اسحٰق کے علاوہ سب اِس پر متفق ہیں کہ یہ سریّہ غزوۂ موتہ کے بعد ہوا اور غزوہ جمادی الاُولیٰ ۸ ہجری میں ہوا تھا۔ اِس سریّہ کا سبب یہ بنا کہ رسول اللہؐ کو خبر ملی کہ بنو قضاعہ کا ایک گروہ مدینہ کے اطراف میں حملہ کرنے کے لئے اکٹھا ہو رہا ہے۔ اِن کی سرکوبی کے لئے رسولِ کریمؐ نے حضرت عَمرو بن العاصؓ کو روانہ فرمایا۔

آپؐ نے اِن کی زیرِقیادت مہاجرین اور انصار پر مشتمل تین سو افراد کا لشکر تیار کیا، جس میں تیس گھڑسوار تھے، آپؐ نے حضرت عمروؓ کے لئے ایک سفید رنگ کا جھنڈا باندھا اور ساتھ ایک سیاہ رنگ کا جھنڈا بھی دیا۔ آپؓ جنگ میں خاص مہارت رکھتے تھے اور فنونِ حرب سے بھی آگاہی رکھتے تھے اور رسول اللہؐ نے اُنہیں اُن کی جنگی مہارت کی وجہ سے امیر بنایا تھا۔ اور آپؓ کو اِس سریّہ پر بھیجنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ چونکہ اُن کی دادی کا تعلق قبیلہ بَلِّی سے تھا، اِس لئے بنو بَلِّی سے اچھے تعلقات اُستوار کرنے کے لئے آپؓ ایک اچھا ذریعہ ثابت ہو سکتے تھے۔

اسلامی لشکر روانہ ہوا، یہ رات کو سفر کرتا تھا اور دن کے وقت چھپ جاتا تھا، یہاں تک کہ وہ قبیلہ جذام کے علاقہ میں سلاسل نام کے ایک چشمے کے قریب پہنچ گیا۔ اِس کی مناسبت سے اِس کو سریّہ ذات السلاسل بھی کہا جاتا ہے۔ چشمے کے قریب پہنچنے پر مسلمانوں کو علم ہوا کہ دشمن کا لشکر بہت بڑا ہے، حضرت عمروؓ نے مزید امداد کے لئے حضرت رافع بن مکیثؓ کو رسول اللہؐ کی طرف بھیجا، آپؐ نے حضرت ابو عُبَیدہ بن الجراحؓ کے لئے جھنڈا تیار کیا اور دو سو مہاجرین اور انصار کا لشکر اُن کے ساتھ روانہ کیا، حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ بھی اِن میں شامل تھے۔ آپؐ نے حضرت ابو عُبَیدہؓ کو روانہ کرتے ہوئے نصیحت فرمائی کہ پہنچنے کے بعد حضرت عمرو کے ساتھ شامل ہو جائیں اور ایک ہی لشکر بن جائیں اور باہم اختلاف نہ کریں۔

بہر حال تفصیل میں لکھا ہے کہ مسلمان وہاں سے چل پڑے اور دشمن کے علاقے میں پہنچ کر اُسے روند ڈالا اور اُس پر غالب آ گئے۔ یہاں تک کہ جب مسلمان اِس جگہ پہنچے، جہاں اُنہیں دشمن کے جمع ہونے کی خبر ملی تھی، تو دشمن مسلمانوں کی خبر پا کر بھاگ گئے اور منتشر ہو گئے۔ مسلمانوں نے اُن کا پیچھا کیا تو دشمن کے ایک چھوٹے سے گروہ سے اُن کا مقابلہ ہوا، جس پر اُنہوں نے حملہ کر کے اُنہیں شکست دی اور باقی سب بھاگ گئے۔

مسلمان چند دن یہاں ٹھہرے رہے اور جہاں بھی دشمن کے کسی گروہ کے متعلق سنتے تو اِس سے مقابلہ کے لئے گھڑسوار بھیجتے، جو اُن سے مقابلہ کرتے اور بکریاں اور اونٹ لے کر واپس آتے۔ مسلمان واپس مدینہ آنے کے لئے روانہ ہو گئے۔ حضرت عمروؓ نے عوف بن مالک اشجعیؓ کو رسول اللہؐ کے پاس آگے روانہ کیا تا کہ وہ اُن کی واپسی، سلامتی اور جنگ کے حالات کے متعلق آپؐ کو آگاہ کریں۔

پھر سریّہ ہے حضرت ابو عُبَیدہ بن الجراحؓ، یہ سریّہ رجب ۸ر ہجری میں ہوا۔ اِس سریّہ کے دیگر نام بھی ہیں۔ اِس سریّہ کو سریّہ سِیْفُ الْبَحْر بھی کہا جاتا ہے۔

سِیْفُ الْبَحْر کے معنی ساحلِ سمندر کے ہیں۔ اِس سریّہ میں چونکہ صحابہؓ بحیرۂ احمر کے ساحل پر جا کر ٹھہرے تھے، اِس لئے اِسے سریّہ سِیْفُ الْبَحْر کہا جاتا ہے۔ اس لشکر کو پتے کھانے والا لشکر اِس لئے کہا جاتا ہے کہ چونکہ اِس سریّہ کے دوران ایک وقت ایسا بھی آیا تھا کہ صحابہؓ درختوں کے پتے کھانے پر بھی مجبور ہو گئے تھے۔

اِس سریّہ کے امیر حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ تھے۔ رسول اللہؐ نے اُنہیں تین سو مہاجرین اور انصار صحابہؓ کا ایک لشکر دے کر بنو جُهَيْنَه کی ایک شاخ کی طرف بھیجا۔ اِس لشکر میں حضرت عمرؓ بھی شامل تھے۔

اِس سریّہ کا مقصد یہ بیان کیا جاتا ہے کہ قریشِ مکّہ کا ایک قافلہ، جو اناج لے کر ساحلِ سمندر کے ساتھ ساتھ شام سے مکّہ جا رہا تھا، اِس پر جُهَيْنَه کے ایک قبیلے کی طرف سے حملے کا خطرہ تھا۔ یہ صلح حدیبیہ کا زمانہ تھا اور چونکہ جُهَيْنَه آنحضورؐ کے حلیف تھے، اِس لئے آپؐ نے دُور اندیشی سے کام لیتے ہوئے ایک حفاظتی دستہ بطورِ احتیاط اُن کی طرف بھیج دیا تا کہ شام سے آنے والے قریشی قافلے سے تعرض نہ ہو اور قریش کو نقضِ امن و نقضِ معاہدہ کا بہانہ نہ مِل جائے۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اصحابؓ کسی سے لڑنے کے لئے نہیں گئے تھے، اِس لئے پندرہ دن سے زائد عرصے کے قیام میں کسی لڑائی کا ذکر نہیں ملتا۔

خطبہ ثانیہ سے قبل حضورِ انور نے پاکستان اور ہندوستان کی موجودہ جنگی کشیدگی کی صورتحال، فلسطین کے مظلوم مسلمانوں اور مسلم ممالک کے لئے دعائیہ تحریک فرمائی

قرآن کریم تمام علوم کا سرچشمہ

شمس الضحیٰ سرکار مربی سلسلہ

یاالٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا

قرآنِ مجید علم وہدایت کا ایسا خزانہ ہے جس کی گہرائیوں کو آج تک کوئی مکمل طور پر ناپ نہیں سکا۔ ہر نیا سائنسی انکشاف قرآن کے کسی نہ کسی اشارے کی تصدیق کرتا ہے۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ قرآنِ کریم کو صرف تلاوت کی کتاب نہ سمجھیں بلکہ اسے علم وعمل کا منبع جان کر اپنی زندگیوں میں نافذ کریں۔

جب دنیا جہالت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی، جب سائنس، فلسفہ اور اخلاقیات کی روشنی مدھم ہو چکی تھی، اُس وقت ایک کتاب نازل ہوئی جو صرف عبادات کا ہی نہیں، بلکہ کائنات کے ہر علم کا سرچشمہ تھی۔ وہ کتاب قرآنِ کریم تھی، جو اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، اَزَل سے اَبد تک انسانیت کی راہنمائی کے لئے نازل ہوئی اور قرآن خود اعلان کرتا ہے:

"وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ تِبۡيَانًا لِّكُلِّ شَىۡءٍ"

ترجمہ: اور ہم نے یہ کتاب تم پر نازل کی جو ہر چیز کا کھلا کھلا بیان ہے۔ (سورۃ النحل: 89)

یہ دعویٰ صرف دینی علوم پر ہی نہیں، بلکہ زندگی کے ہر پہلو پر محیط ہے اسی کی طرف نبی اکرم اشارہ کرتے فرماتے

"فِيهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ، وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ..."

یعنی قرآن کریم میں تمہارے لئے پہلی خبریں بھی ہیں اور آنے والے مستقبل کے لئے بھی۔

اور یہ آیت وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ تِبۡيَانًا لِّكُلِّ شَىۡءٍ اس حقیقت کو بھی واضح کرتی ہے کہ قرآنِ کریم ہر علم کی بنیاد ہے۔

جدید سائنس، طب، فلکیات، ارضیات اور حیاتیات کے بے شمار حقائق ایسے ہیں جن کی طرف قرآن نے چودہ سو سال قبل اشارہ کیا۔

مثلاً قرآن میں فرمایا گیا:

"وَالسَّمَاءَ بَنَيۡنٰهَا بِأَيۡىدٍ وَّاِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ"

(سورۃ الذاریات: ۴۸)

ترجمہ: "اور ہم نے آسمان کو قوت کے ساتھ بنایا اور یقیناً ہم اسے وسعت دینے والے ہیں۔"

یہ آیت کائنات کے پھیلاؤ (expansion of universe) کے اُس سائنسی نظریے کی طرف اشارہ کرتی ہے جسے سائنس دانوں نے بہت بعد میں دریافت کیا۔

اسی طرح قرآنِ مجید میں انسان کی تخلیق، پانی کے چکروں، زمین کی حرکت اور پہاڑوں کے نظام کے بارے میں جو حقائق بیان کئے گئے، وہ آج جدید سائنس کی تحقیقات سے پوری طرح مطابقت رکھتے ہیں۔

قرآنِ کریم محض ایک مذہبی کتاب نہیں، بلکہ یہ ایک جامع دستورِ حیات ہے۔ اس میں انسانی فلاح، اخلاقی تربیت، معاشرتی عدل، اقتصادی نظام، اور سائنسی تفکر کے تمام اصول موجود ہیں۔ جو قومیں قرآن کے علم کو سمجھ کر اس پر عمل کرتی ہیں، وہ دنیا میں عزت وترقی حاصل کرتی ہیں۔

جب قرآن کے حقیقی علوم و معارف سے لوگ غافل ہو چکے تھے، تب خدا کے ایک پہلوان نے یہ اعلان کیا قرآن میں تمام علوم کی کنجیا ہیں فرمایا کہ:

"قرآن شریف ایک سمندر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں، اور

تمام حقائق اور معارف کا خزانہ اسی میں ہے۔''

(ملفوظات جلد 1 صفحہ 374)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

وہ حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظل تھے۔ سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو۔ ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو کیونکہ جیسا کہ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ فِی الْقُرْاٰنِ کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن میں ہیں۔''

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۲۷)

آپ علیہ السلام کیا خوب فرماتے ہیں کہ:

ایں روشنی ولمعاں شمس الضحیٰ ندارد
وایں دلبری و خوبی کس در قمر ندیدہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

''ہر علم کا بیج قرآن میں موجود ہے۔ دنیا اس پر جتنی تحقیق کرے، اتنی ہی نئی راہیں کھلتی جائیں گی۔''

(تفسیر کبیر، جلد 1، صفحہ 32)

غرض قرآن کریم نہ صرف روحانی راہنمائی دیتا ہے بلکہ جدید سائنسی و فکری دنیا کو بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''تمام سچائیاں اور دنیاوی علوم قرآن سے جڑے ہوئے ہیں۔''

سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا

پس! اگر ہم قرآن سے جڑ جائیں تو دنیاوی علوم بھی ہمارے تابع ہو سکتے ہیں، اور اگر ہم اس سے منہ موڑ لیں، تو صرف دنیا نہیں، آخرت بھی کھو بیٹھیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں علم قرآن کو سمجھنے کی توفیق عطاء فرمائے آمین ثم آمین

HR

Mob : 9861084857
9583048641
Sk. Anas Ahmad
email : anash.race@gmail.com



H. R. ALUMINIUM & STEEL

We Deal with all Types of Aluminium & Steel Works
Sliding Window, Door, Partition, ACP Work,
Glazing, Steel Railing etc.

Sivananda Complex, Machhuati, Near Salipur SBI

NUSRAT

Cell :9902222345
9448333381

MOTORS RE-WINDING

Spl. in :
All Types of Electrical Motor Re-Winding,
Pump Set, Starters & Panel Repairing Centre.

HATTIKUNI ROAD, YADGIR - 585201

JMB Rice mill Pvt. Ltd.

At. Tisalpur, P.O. Rahanja, Bhadrak, Pin-756111
Ph. : 06784 - 250853 (O), 250420 (R)

"انسان کی ایک ایسی فطرت ہے کہ وہ خدا کی محبت اپنے اندر مخفی رکھتی ہے پس جب وہ محبت تزکیہ نفس سے بہت صاف ہو جاتی ہے اور مجاہدات کا صیقل اس کی کدورت کو دور کر دیتا ہے تو وہ محبت خدا کے نور کا پرتوہ حاصل کرنے کے لئے ایک مصفا آئینہ کا حکم رکھتی ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو جب مصفا آئینہ آفتاب کے سامنے رکھا جائے تو آفتاب کی روشنی اس میں بھر جاتی ہے۔"

(کلام امام الزمان)



AHMAD FRUIT AGENCY

Commission & Forwarding Agents :
Asnoor, Kulgam (Kashmir)

Hqrt. Dar Fruit Co.
Kulgam
B.O. Ahmad Fruits

Mobiles : 9622584733,7006066375,9797024310

M.OMER . 7829780232
AL-BADAR
ZAHED . 6363220415

STEEL & ROLLING SHUTTERS

ALL KINDS OF IRON STEEL
- SHUTTER PATTI. GUIDE BOTTOM.
- ROUND RODS, SQUARE RODS.
- ROUND PIPE , SQUARE PIPES.
- BEARINGS, FLATS.
- SPRINGS, ANGLES.

Shop No.1-1-185/30A OPP.KALLUR RICE MILL .
HATTIKUNI ROAD YADGIR

CKS TIMBERS
"the wood for all Your needs"
TEAK,ROSEWOOD,IMPORTED WOODS,SAWN SIZES & WOODEN
FURNITURE,CRANE SERVICE
VANIYAMBALAM - 679339,MALAPPURAM Dt. ,KERALA
Mobile:9447136192,9446236192,9746663939
:cktimbers@gmail.com
:www.ckstimbers.com

ہمارا خدا زندہ خدا ہے

مرتضیٰ حمید بٹ مربی سلسلہ

آج میں جس حقیقت پر بات کرنے جا رہا ہوں، وہ دنیا کی سب سے عظیم سچائی ہے: ہمارا خدا زندہ خدا ہے۔ یہ وہی خدا ہے جو کائنات کے ذرے ذرے میں موجود ہے، جو ہر لمحہ اپنی قدرت کے نشان دکھاتا ہے اور اپنے بندوں سے محبت کرتا ہے۔ ہمارا خدا صرف قصوں اور کہانیوں کا خدا نہیں، بلکہ وہ خدا ہے جو آج بھی ہمیں دیکھ رہا ہے، سن رہا ہے اور ہماری دعاؤں کا جواب دے رہا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

(البقرہ: ۲۵۵)

ترجمہ: اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے۔

یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ ہمارا خدا ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔ وہی ہے جو ہر وقت ہماری زندگیوں میں موجود ہے، ہمیں سنبھالتا ہے اور ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

انسانی تاریخ گواہ ہے کہ جن قوموں نے اپنے زندہ خدا کو بھلا دیا وہ زوال کا شکار ہوگئیں۔ اور جنھوں نے اپنے رب پر ایمان رکھا صبر و یقین کے ساتھ اس کی رضا کی خاطر جدوجہد کی، وہی کامیاب ہوئیں۔ زندہ خدا پر ایمان انسان کو حوصلہ، امید، صبر اور ہمت عطا کرتا ہے۔

جب مایوسی کے بادل چھا جاتے ہیں، جب ہر طرف اندھیرا محسوس ہوتا ہے، تب ایک مومن دل سے پکار اٹھتا ہے:

میرے رب! تو زندہ ہے، تو سننے والا ہے، تو میری مدد فرما!

اور وہ زندہ خدا اپنے بندے کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔ وہ دلوں کے راز جانتا ہے بندے کی خاموش آہوں کو سنتا ہے اور عرشِ الٰہی سے اس کے لئے آسانیاں نازل فرماتا ہے۔

زندہ خدا کا مطلب صرف یہ نہیں کہ وہ موجود ہے، بلکہ یہ کہ وہ ہر لمحہ فعال ہے، اپنے نظامِ قدرت کو چلا رہا ہے، اور بندوں کے اعمال کا نگران ہے۔ اس کا علم لامحدود ہے، اس کی قدرت بے مثال ہے، اور اس کی رحمت سب پر محیط ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ

ہم انسان کی رگِ جاں سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

یعنی ہمارا خدا ہم سے دور نہیں، بلکہ ہمارے دل کی ہر دھڑکن میں، ہماری ہر سانس میں، اور ہماری ہر امید میں زندہ ہے۔

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہمیں دعا کی اہمیت سکھائی اور فرمایا:

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ

(ترمذی)

ترجمہ: دعا عبادت کا مغز ہے۔

دعا خدا کی زندگی کا ثبوت ہے۔ دعا اس بات کا اقرار ہے کہ خدا سنتا ہے، جواب دیتا ہے، اور ہماری مشکلات کو دور کرتا ہے۔ اگر خدا زندہ نہ ہوتا تو دعا کا کوئی مفہوم نہ ہوتا۔ لیکن آج بھی ہماری دعائیں سنی جاتی ہیں، اور ہمیں خدا کی رحمت کا تجربہ ہوتا ہے۔

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام، جنہیں ہم مسیح موعود مانتے ہیں، نے ہمیں زندہ خدا کی طرف بلایا۔ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں:

''ہمارا خدا وہ خدا ہے جو اب بھی زندہ ہے جیسا کہ وہ پہلے زندہ تھا، اور وہ اب بھی بولتا ہے جیسا کہ وہ پہلے بولتا تھا''

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۵۰۲)

اسی بات کی وضاحت ایک اور موقع پر اپنے منظوم کلام میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیا ہی خوبصورت انداز میں بیان فرمائی ہے۔فرماتے ہیں:

وہ خدا اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم
اب بھی اس سے بولتا ہے جس سے وہ کرتا ہے پیار

یہ الفاظ ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آج بھی زندہ ہے، وہ ہمیں دیکھتا ہے، ہماری دعاؤں کو سنتا ہے اور اپنے نشان دکھاتا ہے۔

اسی طرح ایک انگریزی مجلس سوال و جواب میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ سے سوال پوچھا گیا کہ:

روح کیسی لگتی ہے اور خدا کیسا لگتا ہے؟

آپ نے فرمایا رُوح Soul دیکھی نہیں جاسکتی اور نہ خدا کو دیکھ سکتے ہیں ... آپ خدا اور رُوح کو اپنی ننگی آنکھ سے دیکھ نہیں سکتے۔ مگر آپ ان دونوں کو ان کی صفات attributes کے ذریعہ سے سے دیکھ سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بہت زیادہ صفات ہیں ان صفات کے ذریعہ سے ہم اپنی روحانی آنکھ سے خدا تعالیٰ کو دیکھ سکتے ہیں۔ جب آپ یہ دیکھیں گے کہ خدا رحمٰن ہے تو آپ کو یہ پتا چلے گا کہ رحمانیّت کیا ہے، تو پھر اُسی آنکھ سے جس سے آپ کو علم ہوا کہ رحمانیّت کیا ہے آپ یہ بھی جان لیں گے کہ خدا کیا ہے۔ تو اس طرح سے اللہ تعالیٰ کی صفات ہمیں بتاتی ہیں کہ خدا کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے دعاؤں میں ہمیں یاد کروایا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی صفات پر توجہ دیں پھر یہی صفات ہمیں اللہ تعالیٰ سے متعارف کرائیں گی۔

(۲۱ر مئی ۲۰۰۰ء انگریزی مجلس سوال و جواب)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک موقع پر فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کے زندہ ہونے کا ثبوت اس کے نشانوں کے ذریعے ملتا ہے، اور وہ اپنے مخلص بندوں کے ساتھ ہمیشہ ہوتا ہے''

(خطاب، جلسہ سالانہ برطانیہ)

یہ نشان ہمیں ہر لمحہ یاد دلاتے ہیں کہ ہمارا خدا ہماری زندگیوں میں موجود ہے۔ وہ مشکلات میں ہمارا ہاتھ تھامتا ہے، اور جب دنیا ہمیں چھوڑ دیتی ہے، تو وہی ہے جو ہمیں سہارا دیتا ہے۔

آج ہمیں چاہیے کہ ہم اس زندہ خدا کی طرف رجوع کریں، اس پر ایمان مضبوط کریں، اور اس کی رحمتوں کا طلبگار بنیں۔ یہ ہمارا زندہ خدا ہے جو کبھی ہمیں تنہا نہیں چھوڑتا۔

اللہ ہمیں اس زندہ خدا پر یقین رکھنے اور اس کی ہدایت کے مطابق زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

ہے دیں وہی کہ جس کا خدا آپ ہو عیاں
خود اپنی قدرتوں سے دکھاوے کہ ہے کہاں
جو معجزات سنتے ہو قصوں کے رنگ میں
اُنکو تو پیش کرتے ہیں سب بحث و جنگ میں
جتنے ہیں فرقے سب کا یہی کاروبار ہے
قصّوں میں معجزوں کا بیاں بار بار ہے
پر اپنے دیں کا کچھ بھی دکھاتے نہیں نشاں
گویا وہ ربّ ارض و سما اب ہے ناتواں
گویا اب اُس میں طاقت و قدرت نہیں رہی
وہ سلطنت وہ زور وہ شوکت نہیں رہی
یا یہ کہ اب خدا میں وہ رحمت نہیں رہی
نیّت بدل گئی ہے وہ شفقت نہیں رہی
ایسا گماں خطا ہے کہ وہ ذات پاک ہے
ایسے گماں کی نوبت آخر ہلاک ہے

براہین احمدیہ حصہ پنجم صفحہ ۱۱ النصرۃ الحق مطبوعہ ۱۹۰۸ء

جدید زمانے کی برائیاں اور ان سے بچنے کا طریقہ

محمد عبد الناصر مربی سلسلہ

آج کے دور کو عموماً ''جدید دور'' ہا جاتا ہے۔ یہ دور ترقی اور سہولتوں کا دور ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ بہت سی برائیاں بھی وجود میں آئی ہیں۔ جو صرف جسمانی نہیں بلکہ جو سماجی و اخلاقی اور انسان کی شخصیت پر منفی اثر ڈال رہے ہیں۔ اسے فتنوں کا دور کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ انسان نے جہاں سائنسی ترقی میں بے پناہ کامیابیاں حاصل کی ہیں، وہیں اخلاقی، روحانی اور معاشرتی زوال بھی حد سے بڑھ گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ

(سورۃ الروم: ۴۲)

خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہو گیا لوگوں کے اپنے ہاتھوں کی وجہ سے۔

یہ آیت واضح طور پر بیان کر رہی ہے کہ جو برائیاں معاشرے میں پیدا ہو جاتی ہیں، وہ دراصل انسان ہی کی ذریعہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

اسی طرح موبائل فون، ٹیلیویژن اور انٹرنیٹ ہماری زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ اگرچہ یہ معلومات اور رابطے کے لئے مفید ہیں، لیکن ان کا غلط استعمال فحاشی، جھوٹ، غیبت اور لوگوں کی ذاتی زندگی میں مداخلت کا سبب بن رہی ہیں۔ انٹرنٹ، فون اور ٹیلی ویژن کے ذریعہ سے یہ برائیاں لوگوں کے گھروں کے اندر تک پہنچ گئیں ہیں۔

شیطان کے اس جدید بڑائی کے ہتھیار کی خبر اشارتاً ہمیں بخاری کی اس حدیث میں ملتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فَإِنِّي لَأَرَى الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بُيُوتِكُمْ كَوَقْعِ الْقَطْرِ.

(بخاری کتاب الفتن)

ترجمہ: میں فتنوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ بارش کے قطروں کی طرح تمہارے گھروں میں داخل ہو رہے ہیں۔

آخری زمانے میں برائیاں اس قدر عام ہو جائیں گی کے خود مسلمان بھی اس میں ملوث ہو جائیں گے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ:

النبی صلی اللہ علیہ وسلم يَقُولُ لَيَكُونَنَّ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْحِرَ وَالْحَرِيرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ.

(بخاری کتاب الاشربہ)

ترجمہ: آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں ایسے بُرے لوگ پیدا ہو جائیں گے جو زنا کاری، ریشم کا پہننا، شراب پینا اور گانے بجانے کو حلال بنالیں گے۔

بخاری کی اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ موجودہ زمانہ میں یہ برائیاں اپنے عروج پر ہیں اور رسول کریم ﷺ کی یہ پیشگوئی من و عن پوری ہو رہی ہے۔

دورِ جدید کی برائیاں اس قدر عروج پر ہیں کہ انسان سیدھے راستے سے بھٹک گیا ہے۔ قرآن کریم ایک واحد ذریعہ ہے جو ہمیں سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود قرآن کریم میں فرمارہا ہے کہ: إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ

(سورۃ بنی اسرائیل: ۹)

ترجمہ: یقیناً یہ قرآن اس راستے کی طرف رہنمائی کرتا ہے جو سب سے زیادہ سیدھا ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں جابجا ان برائیوں سے بچنے کا طریق بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ :

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَ الۡمُنۡکَرِ ؕ وَ لَذِکۡرُ اللّٰہِ اَکۡبَرُ ؕ وَ اللّٰہُ یَعۡلَمُ مَا تَصۡنَعُوۡنَ (سورۃ العنکبوت:۴۶)

ترجمہ: بیشک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے، اور اللہ کا ذکرسب سے بڑی چیز ہے۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

اسی طرح دوسرے مقام پر فرماتا ہے کہ :

اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَ الۡاِحۡسَانِ وَ اِیۡتَآیِٔ ذِی الۡقُرۡبٰی وَ یَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَ الۡمُنۡکَرِ وَ الۡبَغۡیِ ۚ یَعِظُکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ

(سورۃ النحل: ۹۱)

ترجمہ: یقیناً اللہ تعالیٰ عدل اور احسان اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی، برائی اور زیادتی سے روکتا ہے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

پس ان آیات سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ ان برائیوں سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ نجات صرف انہیں لوگوں کو مل سکتی ہے جو قرآن کریم کے تمام احکامات پر عمل کرنے والا ہوں۔

اس دورحاضر میں شراب جو تمام برائیوں کی جڑ ہے اور اس سے بچنے کا طریق بیان کرتے ہوئے حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں کہ :

’’شراب سے اسلام نے بڑی سختی سے روکا ہے کیونکہ شراب بھی بڑی خرابیوں کا موجب ہوتی اور اس سے انسان کی عقل ماری جاتی ہے چنانچہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ان کے شر اور فساد کو بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے۔۔۔۔۔۔۔ ہم نے شراب اور جوئے سے تمہیں روکا ہے مگر جانتے ہو ہم نے کیوں روکا ہے؟ اس لئے کہ ان کے ذریعہ فساد پیدا ہوتا ہے اور یہ چیزیں ذکر الٰہی اور عبادت کی بجا آوری میں روک بنتی ہیں اس طرح آپس میں عداوت اور بغض پیدا ہوتا ہے۔ آج تمام یورپ اس امر کو تسلیم کرتا ہے کہ شراب بُری چیز ہے اور یوروپین مدبر چاہتے ہیں کہ شراب نوشی روک دیں مگر وہ اپنی کوششوں میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔‘‘ (سیر روحانی ۲، انوار العلوم جلد ۱۶ صفحہ ۵۵)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سوشل میڈیا سے ہونے والے نقصانات اور اس سے بچنے کا طریق بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ :

’’۔۔۔۔۔ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا غلط استعمال بھی عام ہوتا جارہا ہے۔ اگر کسی چیز یا کام کے نقصان دہ اثرات ذہن پر پڑتے ہوں تو قرآن مجید کے مطابق وہ لغو شمار ہوگا اور مومنوں کا یہ وصف ہے کہ وہ لغو باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔ اسی طرح اپنی عفت وحیا کو قائم رکھنا مردوں پر بھی فرض ہے۔ انہیں یہ حکم ہے کہ وہ غض بصر سے کام لیتے ہوئے نظریں نیچی رکھیں اور دل و دماغ کو ناپاک خیالات اور برے ارادوں سے پاک رکھیں۔ اسلام کا ہر اصول انتہائی پرحکمت اور مضبوط بنیادوں پر مشتمل ہے۔ غض بصر سے اسلام نفس پر قابو رکھنا سکھاتا ہے۔ پس یاد رکھیں پاکبازی ایک خادم کا لازمی اخلاقی وصف ہے اس سے آپ روحانی ترقیات حاصل کر سکتے ہیں۔‘‘

(سوشل میڈیا صفحہ ۶۳ تا ۶۴)

قرآن شریف میں انسان کی پیدائش کی غرض عبادت بیان کی گئی ہے اور عبادت میں فرض نماز میں سب سے اہم ہیں جس پر تمام احمدی گھرانوں کو خاص طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ :

مگر تم لوگ چاہتے ہو کہ خیریت سے رہو اور تمہارے گھروں میں امن رہے تو مناسب ہے کہ دعائیں بہت کرو اور اپنے گھروں کو دعاؤں سے پُر کرو۔ جس گھر میں ہمیشہ دعا ہوتی ہے خدا تعالیٰ اسے برباد نہیں کیا کرتا۔‘‘ (ملفوظات جلد سوم صفحہ ۲۳۲)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان ارشادات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطاء فرمائے تاکہ ہم ان فتنوں سے بچنے والے ہوں اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتے ہوئے عبد صالح بننے والے ہوں۔ آمین

پیغام حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

برموقع

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء

مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ نیشنل اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو ہر لحاظ سے بہت بابرکت اور کامیاب فرمائے اور تمام خدام اور اطفال کو اس کے جملہ پروگراموں سے مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپ جو جماعت احمدیہ میں خدام اور اطفال کہلاتے ہیں آپ پر بہت اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ آپ کو خدا نے دنیا کی خدمت کے لئے پیدا کیا ہے اور اس کے لئے سب سے پہلے آپ کو خدا سے اپنا تعلق مضبوط بنانا ہے اور اس کے حضور جھکتے ہوئے اپنی عبادتوں کے معیاروں کو بلند سے بلند تر کرتے چلے جانا ہے۔ پس خاص طور پر اپنی پنجوقتہ نمازوں کو باقاعدگی اور خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنے کی عادت ڈالیں اور قرآن کریم کی تلاوت اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا اپنی زندگیوں کا معمول بنائیں۔ جیسے جیسے آپ کا اللہ تعالیٰ سے ساتھ تعلق بڑھے گا آپ کے ایمان ویقین میں پختگی پیدا ہوتی چلی جائے گی جس کے نتیجہ میں پھر اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے بے شمار فضلوں اور انعامات کا وارث بنائے گا۔ اور آپ ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے دنیا اور معاشرہ میں امن وسلامتی کی فضا قائم کرنے والے ہوں گے۔ ان شاء اللہ۔ لیکن اس کے لئے بہت محنت اور کوشش کی ضرورت ہے۔ خلیفہ وقت کے ہر حکم اور ہر ارشاد پر دل وجان سے عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہی وہ بنیاد ہے جس کے نتیجہ میں پھر آپ کے لئے ترقی اور کامیابی کی راہیں کھلتی چلی جائیں گی۔ یاد رکھیں کہ آپ کی تمام تر ترقیات کا راز خلافت سے وابستگی میں پنہاں ہے۔ اور اس سے اخلاص ووفا کا تعلق ہمیشہ آپ کو دین و دنیا میں سرخرو کرتا چلا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

احمدی خدام کی ایک اور بہت بڑی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ آپ اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت کی طرف خصوصی توجہ دینی ہے اور انہیں جماعت کے ساتھ مضبوطی سے جوڑے رکھنا ہے۔ اپنے گھروں میں نیکی، تقویٰ اور محبت کا ماحول قائم کرنا ہے تاکہ بچے آپ کے عملی نمونوں کو دیکھ کر سبق حاصل کریں اور اسلام کی تعلیمات سے روشناس ہو کر آنے والے زمانہ میں دنیا میں امن وسلامتی کا پیغام اور اسلام کی خوبصورت تعلیمات کو پھیلانے والے بنیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: ”خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور دیندار بنانے کے لئے سعی اور دعا کرو۔ جس قدر کوشش تم ان کے لئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو اسی قدر کوشش اس امر میں کرو۔ خوب یاد رکھو کہ جب تک خدا تعالیٰ سے رشتہ نہ ہو اور سچا تعلق اس کے ساتھ نہ ہو جاوے کوئی چیز نفع نہیں دے سکتی“ (ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۳۲۰، ایڈیشن ۲۰۲۲ء) اگر آپ ان ذمہ داریوں کو سمجھیں گے اور انہیں احسن رنگ میں نبھانے کی کوشش کریں گے تو اللہ تعالیٰ کی برکتوں کو حاصل کرنے والے ہوں گے اور جماعت کے روشن مستقبل کی بنیادوں کو پختہ کرتے چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس اجتماع کو آپ کے لئے ایک روحانی انقلاب کا ذریعہ بنائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

گوشۂ ادب

ادبی محاورے بمعہ معنی و جملے

آنکھوں کا تارا — (بہت عزیز و محبوب شخص)
اس کا چھوٹا بیٹا پورے گھر کی آنکھوں کا تارا ہے۔
ہونٹ سی لینا — (خاموش رہ جانا یا بات چھپا لینا)
جب استاد نے سختی سے پوچھا تو اس نے ہونٹ سی لئے۔
دل میں طوفان اٹھنا — (شدید جذبات یا بے چینی پیدا ہونا)
یہ خبر سنتے ہی اس کے دل میں طوفان اٹھ کھڑا ہوا۔
پانی پانی ہونا — (شرمندہ یا شرمسار ہونا)
سب کے سامنے اپنی غلطی پر وہ شرم سے پانی پانی ہوگیا۔
جان پر کھیل جانا — (جان کی پرواہ کئے بغیر کام کرنا)
سپاہی نے اپنے ملک کے لئے جان پر کھیل کر دشمن کا مقابلہ کیا۔
آنکھوں میں بس جانا — (بہت پسند یا محبوب لگنا)
وہ منظر اتنا حسین تھا کہ آنکھوں میں بس گیا۔
وقت کا پہیہ رکنا — (زندگی میں ٹھہراؤ یا رکاؤ آ جانا)
ماں کی جدائی کے بعد اسے لگا جیسے وقت کا پہیہ رک گیا ہو۔
زمین آسمان ایک کرنا — (کسی مقصد کے لئے بھرپور کوشش کرنا)
اس نے اپنے دوست کو بچانے کے لئے زمین آسمان ایک کر دیا۔
کانوں میں رس گھولنا — (دلکش اور میٹھی آواز سنائی دینا)
قاری کی آواز اتنی شیریں تھی کہ سننے والوں کے کانوں میں رس گھول دیا۔

حمد رب العلمین

کس قدر ظاہر ہے نور اُس مبدء الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالم آئینہ ابصار کا
چاند کو کل دیکھ کر میں سخت بے کل ہوگیا
کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اس میں جمال یار کا
اُس بہارِ حُسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذکر ہم سے تُرک یا تاتار کا
ہے عجب جلوہ تری قدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی رہ ہے ترے دیدار کا
چشمۂ خورشید میں موجیں تری مشہود ہیں
ہر ستارے میں تماشا ہے تری چمکار کا
تونے خود روحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھڑکا نمک
اس سے ہے شورِ محبت عاشقانِ زار کا
کیا عجب تونے ہر اک ذرّہ میں رکھے ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر اُن اسرار کا
تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا
خوبرویوں میں ملاحت ہے ترے اس حسن کی
ہر گُل و گلشن میں ہے رنگ اُس تری گلزار کا
چشم مست ہر حسیں ہر دم دکھاتی ہے تجھے
ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خم دار کا
آنکھ کے اندھوں کو حائل ہوگئے سو سو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رُخ کافر و دیندار کا

(سرمہ چشم آریہ صفحہ 4 مطبوعہ 1886ء)

بنیادی مسائل کے جوابات

(امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے پوچھے جانے والے بنیادی مسائل پر مبنی سوالات کے بصیرت افروز جوابات

سوال: ایک دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ایک احمدی کے کسی غیر احمدی کے جنازہ پڑھنے کے بارہ میں نیز بینک کے ساتھ مختلف معاملات لین دین کے بارہ میں مسائل دریافت کئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ 14 جنوری 2020ء میں ان سوالات کے درج ذیل جوابات عطا فرمائے۔

حضور نے فرمایا: نہیں۔

جواب: غیر احمدیوں کی نماز جنازہ پڑھنے کے بارہ میں جماعت احمدیہ کا موقف ہے کہ جو شخص حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا صریح مکذب اور مکفر تھا اس کا جنازہ پڑھنا تو کسی طرح درست نہیں لیکن جو شخص حضور کے دعاوی کا انکاری نہیں تھا لیکن اس نے حضور کے دعاوی کی تصدیق بھی نہیں کی۔ ایسے شخص کی نماز جنازہ پڑھنے والے اگر دوسرے لوگ موجود ہوں تو احمدیوں کو اس کی نماز جنازہ سے احتراز کرنا چاہیے۔ لیکن اگر کسی جگہ کوئی مسلمان فوت ہو جائے اور اس کا جنازہ پڑھنے والا کوئی موجود نہ ہو تو احمدی اپنے امام کی اقتداء میں اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے کیونکہ کوئی کلمہ گو بغیر نماز جنازہ کے دفن نہیں ہونا چاہیئے۔

(قسط نمبر 15، الفضل انٹرنیشنل 21 تا 31 مئی 2021ء صفحہ 24)

سوال: ایک دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ایک احمدی کے کسی غیر احمدی کے جنازہ پڑھنے کے بارہ میں نیز بینک کے ساتھ مختلف معاملات لین دین کے بارہ میں مسائل دریافت کئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ 14 جنوری 2020ء میں ان سوالات کے درج ذیل جوابات عطا فرمائے۔حضور نے فرمایا: جواب: غیر حکومتی بینکوں یا مالیاتی اداروں کے ساتھ لین دین کے معاملات میں اگر سود شامل ہو تو یہ ناجائز ہے۔ لیکن اگر لین دین نفع نقصان کی شراکت کے طریق پر ہو تو جائز ہے۔ اسی طرح حکومتی بینکوں یا حکومتی مالیاتی اداروں میں جمع کروائی جانے والی رقوم پر ملنے والی زائد رقم سود شمار نہیں ہوتی۔ کیونکہ حکومتی بینک اور مالیاتی ادارے اپنے سرمایہ کو رفاہی کاموں پر لگاتے ہیں جس کے نتیجہ میں ملکی باشندوں کی سہولتوں کے لئے مختلف منصوبے بنائے جاتے ہیں، معیشت میں ترقی ہوتی ہے اور افراد ملک کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے ایسے بینکوں اور مالیاتی اداروں سے ملنے والے منافع کو ذاتی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس میں کوئی حرج نہیں۔

(قسط نمبر 15، الفضل انٹرنیشنل 21 تا 31 مئی 2021ء صفحہ 24)

سوال: ایک دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں تحریر کیا کہ کیا غیر مسلموں پر رحم کرنا اور ان کے لئے استغفار کرنا جائز ہے۔ اور ان پر اتمام حجت ہونے یا نہ ہونے سے ان کے لئے رحم اور استغفار کرنے میں کوئی فرق پڑے گا؟

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ 20 جولائی 2020ء میں اس کا درج ذیل جواب عطا فرمایا: جواب: قرآن کریم کا علم رکھنے والے کی طرف سے اس قسم کا سوال کرنا قابل

تعجب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جس طرح اپنے لئے رب العالمین کے الفاظ استعمال کر کے یہ مضمون بیان فرمادیا کہ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں میں پائی جانے والی مخلوق کی رنگ ونسل اور مذہب و ملت کا فرق کئے بغیر ربوبیت کرنے والی ذات ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ہمارے آقا ومولیٰ حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ کی ذات بابرکات کے لئے رَحۡمَۃً لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یا رَحۡمَۃً لِلۡمُسۡلِمِیۡنَ کی بجائے رَحۡمَۃً لِلۡعٰلَمِیۡنَ (الانبیاء: 108) کے الفاظ استعمال فرما کرہمیں بتادیا کہ یہ رسول تمام جہانوں کے لئے بلا امتیاز رنگ ونسل اور مذہب و ملت سراپا رحمت ہے۔ یہی تعلیم حضور ﷺ نے اپنے متبعین کو بھی دی۔ چنانچہ آپ نے فرمایالا یَرۡحَمُ اللّٰہُ مَنۡ لَا یَرۡحَمُ النَّاسَ (صحیح بخاری کتاب التوحید) یہاں پر بھی حضور اللہ تم نے یَرۡحَمُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ یا یَرۡحَمُ الۡمُسۡلِمِیۡنَ کی بجائے یَرۡحَمُ النَّاسَ کے الفاظ استعمال کر کے ہمیں سمجھادیا کہ ایک حقیقی مسلمان کا دل جب تمام بنی نوع انسان کے لئے رحمت کے جذبہ سے لبریز ہوگا تب وہ اللہ تعالیٰ کے رحم کا مورد ہو سکے گا۔ جہاں تک کسی کے لئے استغفار کرنے کا تعلق ہے تو اس بارہ میں بھی قرآن وسنت نے ہماری رہنمائی فرمائی ہے کہ ایسا مشرک جس کے متعلق یہ واضح ہوجائے کہ وہ خدا کا دشمن اور یقیناً جہنمی ہے اس کے لئے استغفار نہ کیا جائے۔ اورکسی کے جہنمی ہونے کا علم یا تو اللہ تعالیٰ کی ذات کو ہے یا اس کے ان انبیاء اور برگزیدوں کو ہوتا ہے جنہیں اللہ تعالیٰ خود کسی کے جہنمی ہونے کی خبر دیتا ہے۔ اسی لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب اللہ تعالیٰ نے ان کے والد کے عَدُوٌّ اللہ ہونے کی خبر دی تو آپ اس کے لئے استغفار سے دست بردار ہو گئے۔ (سورۃ التوبہ: 114) مدینہ کے منافقین کی شرارتوں اور ان کی طرف سے آنحضور الم اور مسلمانوں کو دی جانے والی تکالیف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ان کے لئے سخت انذار فرمایا اور انہیں نافرمان قرار دیتے ہوئے جہنمی قرار دیا۔ لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے آنحضور کو چونکہ اس وقت تک ان کے لئے استغفار کرنے یا نہ کرنے کا اختیار دیا تھا۔ اس لئے رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی بن سلول کی وفات پر حضور ام نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے اس اختیار کی بناء پر اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور اس کے لئے استغفار کیا۔ اسلام کی عفو کی تعلیم اپنے اندر ایک ایسی گہری حکمت رکھتی ہے جس سے پہلے مذاہب کی تعلیمات عاری تھیں۔ لہٰذا اسلام اپنے ہر دشمن کے لئے جب تک کہ اس کے اصلاح پانے کی امید باقی ہو، ہدایت کی دعا کرنے اور اس کی تربیت کے لئے کوشش کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ چنانچہ جنگ اُحد میں جب مسلمانوں کو نقصان پہنچا اور حضور ﷺ بھی زخمی ہو گئے تو کسی نے حضور ﷺ کی خدمت میں مخالفین اسلام کے خلاف بد دعا کرنے کی درخواست کی تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے لعنت ملامت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا بلکہ اس نے مجھے خدا کا پیغام دینے والا اور رحمت کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے اللہ کے حضور یہ دعا کی کہ اے اللہ ! میری قوم کو ہدایت دیدے کیونکہ وہ (میرے مقام اور اسلام کی) حقیقت سے نا آشنا ہیں۔ (شعب الایمان للبیہقی) اسی طرح ایک اور روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے اللہ کے حضور یہ التجا کی کہ اے اللہ! میری قوم کو بخش دے کیونکہ وہ (اسلام اور میرے مقام کی) لاعلمی کی وجہ سے اسلام کی مخالفت کر رہی ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی)

پس اسلام اپنے متبعین کو تاکید کرتا ہے کہ وہ تمام بنی نوع انسان کے لئے بلاامتیاز مذہب وملت اور رنگ ونسل رحم کے جذبات سے پر ہوں اور سوائے ان مشرکوں اور خدا کے دشمنوں کے جن کے جہنمی ہونے پر اللہ تعالیٰ نے مُہر ثبت فرمادی ہو، ہر ایک کے لئے استغفار کرنے والے ہوں۔ آپ کے سوال کا تعلق اگر کسی معین انسان کے ساتھ ہے تو ایسی صورت میں پھر مسلم اور غیر مسلم کا سوال نہیں اٹھتا بلکہ اس انسان کے پیدا کردہ حالات، واقعات اور اس سے تعلق رکھنے والے حقائق کے مطابق فیصلہ ہونا چاہیئے۔

(قسط نمبر 26، الفضل انٹرنیشنل 07 جنوری 2022ء صفحہ 11)۔

فتاویٰ مصلح موعودؓ

لونڈی کو بغیر نکاح کے بیوی بنانا

اِلَّا عَلٰۤی اَزۡوَاجِہِمۡ اَوۡ مَا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُہُمۡ (المومنون:7)

داہنے ہاتھ مالک ہوئے: - کی تشریح کے بارہ میں یہ امر یاد رکھنا چاہیئے کہ بعض لوگ تو اس میں نوکرانیوں کو بھی شامل کر لیتے ہیں اور بعض ان لونڈیوں کو بھی جو چھاپہ مار کر کسی کمزور قوم کے اندر سے زبردستی اغوا کر لی جاتی ہیں اور پھر فروخت کر دی جاتی ہیں اور بعض لوگ ان الفاظ کے یہ معنے لیتے ہیں کہ جو عورتیں جہاد میں حاصل ہوں بغیر نکاح کے گھروں میں رکھنی جائز ہیں لیکن یہ سب معنے غلط ہیں۔ قرآن کریم میں اور احادیث میں نوکروں اور غلاموں کا الگ الگ ذکر ہے اس لئے نوکر اس میں شامل نہیں۔

اور غلاموں کے متعلق قرآن کریم صاف طور پر فرماتا ہے کہ

مَا کَانَ لِنَبِیٍّ اَنۡ یَّکُوۡنَ لَہٗۤ اَسۡرٰی حَتّٰی یُثۡخِنَ فِی الۡاَرۡضِ (الانفال:68)

